© rasailojaraid.com



مقامِ اشاعت: مسجد عائشہ صدیقہ، سیکٹر B-11 نارتھ کراچی

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کا کلام اور ایک لازوال کتاب ہے۔ جو انسان کی رہبری کے لئے لوحِ محفوظ سے سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلّم کے قلبِ اطہر پر نازل کی گئی۔ اس کا ہر لفظ باعثِ رحمت و برکت، نیکی اور اصلاح کا سرچشمہ ہے۔ خوش نصیب لوگ اس پر عمل کرتے ہیں اور بدنصیب اسے محض تبرک سمجھ کر چومتے چاٹتے ہیں۔ مگر عمل اس کے خلاف کرتے ہیں۔ ادارہ ماہنامہ ''نورٌ علیٰ نور'' نے قرآن کریم نمبر شائع کر کے ایک لائق صد تحسین کارنامہ سرانجام دیا ہے۔ جس میں جید علمائے کرام کے مضامین و فرامین شامل کئے گئے ہیں۔ درج ذیل ابواب اور عناوین کے تحت انتہائی معیاری اور تحقیقی مواد پیش کیا گیا ہے۔ قرآنی نظام واقدار کے لیے جدوجہد، جمع وتدوین تفسیر ومفسرین قرآن، ناموسِ رسالت، عقیدۂ ختم نبوت، عظمتِ صحابہ، قرآن کا پیغام، نظام چیلنج، آدابِ تلاوت، تجوید وقرأت، وقار نسواں، حقوق وفرائض۔ اس کے علاوہ حضرت شاہ عبدالقادر رائے پوریؒ، مولانا ابوالکلام آزادؒ، مولانا احمد سعید دہلویؒ، امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ، مولانا شبیر احمد عثمانی، مولانا احمد علی لاہوریؒ، مولانا غلام غوث ہزارویؒ، مولانا شمس الحق افغانیؒ، مولانا خیر محمد جالندھریؒ، مولانا محمد زکریاؒ، مولانا قاضی محمد زاہد الحسینیؒ، مولانا عبدالماجد دریابادی جیسے اہلِ علم وتقویٰ کی تحریریں اس وقیع نمبر میں شامل ہیں۔ مولانا عبدالرشید انصاری مبارک باد کے مستحق ہیں۔ اُن کی قابلِ ستائش محنت نے اس نمبر کو چار چاند لگا دیئے ہیں۔ سفید کاغذ، کتابی سائز اور خوبصورت گرد پوش سے مزیّن ہے۔ اس کے مطالعے سے قارئین کے نورِ ایمان میں یقیناً اضافہ ہوگا۔

◀◀ مجلّہ: ''الہدیٰ'' (فروری 2004ء)

مدیرِ اعلیٰ: حضرت علامہ علی شیر حیدری مدظلہ    مدیر: مولانا ثناء اللہ سعد شجاع آبادی

ضخامت: 48 صفحات    قیمت: 12 روپے    زرتعاون سالانہ: 120 روپے

ملنے کا پتا: جامعہ انوارالہدیٰ حیدریہ لقمان، خیرپور (سندھ)

علامہ علی شیر حیدری مدظلہ ایک قدآور علمی شخصیت ہیں۔ ردّ روافض پر ان کا کام بہت وقیع ہے۔ زیرِ نظر مجلّہ ''الہدیٰ'' کا اجراء کر کے انہوں نے دینی رسائل وجرائد میں ایک خوشگوار اضافہ کر دیا ہے۔ یہ ''الہدیٰ'' کی دوسری اشاعت ہے۔ پہلا شمارہ خوب تھا اور یہ خوب تر۔ علامہ علی شیر حیدری مدظلہ نے ''الہدیٰ'' کی ادارت مولانا ثناء اللہ سعد شجاع آبادی ایسے نوجوان کے سپرد کی ہے جو نہ صرف عالم دین بلکہ ایک منجھا ہوا صحافی اور کئی کتابوں کا مصنف ومؤلف بھی ہے۔ اس شمارے میں ''سیدنا ابراہیم اور ذبح عظیم، خطبۂ حجۃ الوداع، شہادت امیر المومنین سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ، ام المومنین سیدہ اُم حبیبہ رضی اللہ عنہا، کمپیوٹر، انٹرنیٹ اور جدید مواصلاتی ذرائع کے علاوہ سید ابوالحسن علی ندوی رحمہ اللہ کا وقیع مضمون ''امام سنت احمد بن حنبل علیہ الرحمۃ'' شامل ہے۔ مجموعی طور پر ایک جاندار مجلّہ ہے۔ دیدہ زیب ٹائٹل اور عمدہ طباعت نے جریدے کی خوبصورتی میں اضافہ کر دیا ہے۔

© rasailojaraid.com